
PEHLA QADAM

# تعلیم سب کے لیے

# ٹیچر گائیڈ (اُردو اوّل، دوم، سوم)




2014-15

## نیشنل کمیشن فار ہیومن ڈویلپمنٹ

حکومتِ پاکستان

# مربوط ٹیچر گائیڈ اُردُو (اوّل، دوم، سوم)


**تحقیق و تصنیف**

محمدّ آصف خان

**نگرانی و نظرِ ثانی**

اقبال الرحمٰن شریف



## نیشنل کمیشن فار ہیومن ڈویلپمنٹ، اسلام آباد

**کمپوزنگ اینڈ گرافکس**

النصر علی غضنفر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# پیش لفظ

یہ مسلمہ حقیقت ہے کہ کسی بھی قوم کی ترقی کا انحصار اُس کی بہتر شرح خواندگی پر ہوتا ہے۔ وطن عزیز میں شرح خواندگی 2009ء میں 56% بتائی جاتی ہے یعنی کہ ہماری نصف قوم ناخواندہ ہے۔ ہم ترقی کی دوڑ میں بہت ہی پیچھے ہیں اس لیے ترقی یافتہ اقوام کی صف میں شامل ہونے کے لیے حکومت پاکستان نے جولائی 2002ء میں ایک ادارہ نیشنل کمیشن فار ہیومن ڈویلپمنٹ قائم کیا جو حکومتی اقدامات کو تیز تر کرنے کے لیے کوشش کر رہا ہے۔ یہ ادارہ بنیادی صحت اور بنیادی تعلیم میں بہتری لانے کے ساتھ ساتھ خواندگی بڑھانے کے لیے محکمہ تعلیم اور مقامی رضا کاروں کی مدد سے بالغ افراد کے لیے خواندگی کے مراکز قائم کر کے ناخواندہ لوگوں کو خواندہ بنانے کے لیے کوشاں ہے، اس وقت پاکستان کے تمام اضلاع میں خواندگی کے مراکز علم کی روشنی پھیلانے میں اپنا فعال کردار ادا کر رہے ہیں۔ NCHD نے نہ صرف بنیادی خواندگی بلکہ بعد از خواندگی (Post Literacy) پروگرام کا بھی بندوبست کیا ہے جس سے نوخواندہ افراد استفادہ کرتے رہیں گے۔

اس اہم فریضہ کی تکمیل کے لیے ناخواندہ افراد کو اُردو پڑھنا، لکھنا سکھانے کے لیے ادارہ ہذا نے اُردو کی تین کتابیں اور بنیادی ریاضی سکھانے کے لیے ریاضی کی ایک کتاب تیار کی ہے۔ جس سے ناخواندہ لوگ 6 ماہ میں پڑھنا لکھنا اور بنیادی حساب کتاب کرنا سیکھ جاتے ہیں۔ یہ کتابیں ''فعال تعلم'' کے اصولوں پر تیار کی گئی ہیں، اُردو پڑھانے کے لیے ''صوتی طریقہ تدریس'' اختیار کیا گیا ہے۔ تاہم درس و تدریس کے لیے اساتذہ کو تربیت اور رہنمائی کی اشد ضرورت ہوتی ہے۔ اس سلسلے میں ان کی سہولت کے لیے ٹیچر گائیڈز تیار کی گئی ہیں۔ تاکہ وہ اُن سے رہنمائی حاصل کرتے رہیں۔

لٹریسی کتب میں دیئے گئے مختلف تصورات سکھانے کے لیے ٹیچر گائیڈز میں مختلف طریقہ ہائے تدریس دیئے گئے ہیں اساتذہ ان طریقہ تدریس کو سیکھ کر انھیں ''Key'' کے طور پر استعمال کر کے باآسانی بہتر تعلیم و تعلم کرواسکیں گے۔ اساتذہ کے لیے ان میں "Foot Note" کی شکل میں اضافی معلومات دی گئی ہیں۔ جس سے وہ استفادہ کریں گے یوں ان کی استعداد کار بڑھے گی۔ اور وہ یقیناً بامعنی تدریس و تعلم کرواسکیں گے۔ ان ٹیچر گائیڈز کے استعمال سے وہ فعال تعلم کے اصولوں کے ذریعے پڑھانا سیکھ جائیں گے جس سے تعلیم و تعلم آسان، دلچسپ اور دیرپا ہو جائے گا۔ لرنرز کی دلچسپیاں بڑھیں گی اور وہ سیکھنے کے لیے خواندگی کے مراکز میں شوق سے آئیں گے اور اُن کا ڈراپ آوٹ بھی نسبتاً بہت کم ہو جائے گا۔ علاوہ ازیں لٹریسی ٹیچرز کی رہنمائی کے لیے ہر سنٹر میں "On job Training" کا بندوبست کیا گیا ہے۔ جس سے ان کی کارکردگی میں یقیناً بہتری پیدا ہوگی۔ میں اُمید کرتا ہوں کہ ان ٹیچر گائیڈز کے استعمال سے نہ صرف اساتذہ کی کارکردگی میں بہتری آئے گی بلکہ تعلم بھی دیرپا ہوگا۔ شرح خواندگی میں اضافہ ہوگا اور ہماری قوم ناخواندگی کے بدنما داغ سے پاک ہو کر ترقی یافتہ قوموں کی صف میں کھڑی ہوگی۔

انشاءاللہ

اقبال الرحمٰن شریف
ڈائریکٹر ایجوکیشن
نیشنل کمیشن فار ہیومن ڈیویلپمنٹ، اسلام آباد

# ابتدائیہ

قومی کمیشن برائے انسانی ترقی ،حکومت پاکستان نے انسانی ترقی کے لیے مختلف اقدامات اٹھائے جن میں خواندگی بڑھانے کا بیڑا اُٹھانا ایک اہم قدم ہے۔ ناخواندہ افراد جو کسی بھی وجہ سے علم کی روشنی سے محروم ہیں اُن کو خواندہ بنانے کے لیے اُردُو اور بنیادی حساب کتاب سکھانے کے لیے کتابیں ترتیب دی گئیں۔ ضرورت اس امر کی پیش آئی کہ ان کتابوں کو موثر طور پر پڑھایا جائے مگر خواندگی کے اکثر اساتذہ نے باقاعدہ درس وتدریس کی تربیت حاصل نہیں کی ہوتی اور درس وتدریس ایک خاص مہارت بھی ہے ،اور خصوصاً بالغ افراد کو پڑھانا زیادہ آسان نہیں ہوتا ، جو بچوں کی طرح نہیں سیکھتے ، لہٰذا پڑھانے کے طریقہ کار پر تحقیق (Action Research) کے لیے اسباق تیار کیئے گئے ،جس میں مفروضہ یہ رکھا گیا کہ ''طریقہ مدریس کو آسان سے آسان تر بنایا جائے اور اسے اساتذہ بطور ''Key Skill'' استعمال کرتے ہوئے دلچسپ ، موثر اور دیرپا تعلم کرواسکیں۔''

لہٰذا مئی 2005ء میں صوبہ پنجاب ، سندھ اور بلوچستان سے ڈسٹرکٹ لٹریسی کوارڈینیٹرز کا ایک گروپ ، جن میں تجربہ کار اور نئے مگر اعلیٰ تعلیم یافتہ لوگ شامل رکھے گئے اور ان کو یہ تمام تیار کردہ اسباق پڑھائے گئے اور لرنرز کی ضروریات کو مدِنظر رکھ کر ان اسباق میں تبدیلی اور بہتری پیدا کی گئی۔ چونکہ یہ پہلا گروپ ''Mock Class'' کے طور پر چنا گیا تھا اس لیے اس کے بعد یہی مواد صوبہ سرحد کے ضلع چترال میں اساتذہ کے ایک گروپ کے ساتھ دوبارہ پرکھا گیا اور اس مواد میں مزید کانٹ چھانٹ کے بعد بہتری لائی گئی۔ اس موقع پر مزید عیاں ہوا کہ اس مواد میں بہتری کی گنجائش موجود ہے اس لیے جون 2005ء میں سہہ بارہ منصوبہ بندی کر کے گلگت میں لٹریسی منیجرز کے ایک گروپ اور پھر اساتذہ کے ایک گروپ میں یہ مواد پڑھایا گیا ، اس مواد میں ضروری تبدیلیاں کرتے ہوئے اسے حتمی شکل دی گئی۔

اس کے بعد ایک بار پھر منصوبہ بندی کی گئی جس میں ٹرینیرز کی ایک نئی ٹیم کو اس مواد پر تربیت دے کر محقّق نے اپنی نگرانی میں ضلع سکردو میں یہ اسباق اساتذہ کو آخری بار پڑھانے کے لیے موقع دیا۔ پڑھانے کے لیے اُردُو کی تینوں کتابوں کے لیے مربوط ٹیچر گائیڈ (مختصر مگر جامع) اور ریاضی پڑھانے کے لیے ایک علیحدہ ٹیچر گائیڈ اس تحقیق کا نتیجہ ہیں ، جن کے استعمال سے اساتذہ خواندگی کے مراکز میں فعال تعلم کے اصولوں اور آسان سے آسان تر کے اصول سے دلچسپ موثر اور دیرپا تعلم کرواسکیں گے۔ یوں ان ''ٹیچر گائیڈز'' نے حتمی شکل اختیار کی اور انھیں قومی کمیشن برائے انسانی ترقی ،حکومت پاکستان نے خواندگی کے مراکز میں پڑھانے کے لیے منظور کیا۔

ٹیچر گائیڈز کو لرنرز کی ضروریات اور دلچسپیوں کو مدِنظر رکھتے ہوئے بھاری بھرکم ''Terms'' کے استعمال سے پاک رکھا گیا ہے ، سبق پڑھانے کے لیے صرف اور صرف عملی طریقہ کار سکھائے گئے ہیں۔ البتہ جہاں ضرورت محسوس ہوئی وہاں اساتذہ کے لیے اضافی معلومات دی گئیں ہیں جو اساتذہ کی تدریسی مہارتوں میں اضافہ کرتے ہوئے اُن کی استعدادِ کار بڑھائیں گی ، مگر یہ نوٹ بھی بار بار دیا گیا ہے کہ یہ معلومات صرف اساتذہ کے لیے ہیں انھیں لرنرز کو بطورِ گرائمر ہرگز نہیں پڑھایا جائے تا کہ لرنرز خواندگی کی مہارتیں سیکھنے کے بدلے مشکل الفاظ اور گرائمر وغیرہ کی پیچیدگیوں سے گھبرا کر اکتاہٹ کا شکار ہو کر کہیں اپنا سلسلہ تعلیم توڑ نہ دیں۔

کوشش کی گئی ہے کہ خواندگی کے اساتذہ کے لیے تعلیم وتعلم میں کوئی بھی مشکل باقی نہ رہے ، تاہم ہر کام میں بہتری کی گنجائش بہرصورت موجود رہتی ہے اس لیے تمام ماہرین تعلیم اور اساتذہ کرام سے گزارش ہے کہ وہ اس میں بہتری کے لیے اپنی قیمتی تجاویز سے نوازیں تا کہ آئندہ مزید بہتری لائی جاسکے۔


**محمّد آصف خان**

جنرل منیجر لٹریسی

نیشنل کمیشن فار ہیومن ڈیویلپمنٹ ، اسلام آباد

# فہرست مضامین


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1- | تیاری کا مرحلہ | 1 |
| 2- | ''متحرک آواز'' | 2 |
| 3- | لکھائی کی مشق | 3 |
| 4- | رکن (علّت) | 4 |
| 5- | ارکان/ الفاظ | 5 |
| 6- | متن/ جملے | 6 |
| 7- | آواز ''ڑ'' | 7 |
| 8- | آواز ''بھ'' | 8 |
| 9- | بھاری آوازوں کی دہرائی | 9 |
| 10- | بھاری اور سادہ آوازیں | 10 |
| 11- | ''املا'' | 11 |
| 12- | ارکان/علّت (اعادہ) | 13 |
| 13- | کلیدی الفاظ | 14 |
| 14- | اعادہ/ جائزہ | 15 |
| 15- | حروف کی پوری اشکال | 16 |
| 16- | ساکن آواز | 17 |
| 17- | ''وٗ'' کا تصور | 18 |
| 18- | تشدید | 19 |
| 19- | ''ہ'' کا تعارف | 20 |
| 20- | ''ی/ ے'' کی درمیانی اشکال | 21 |
| 21- | رکن بنائیں (حرکت) | 22 |
| 22- | اے/ أے | 23 |
| 23- | تنوین | 24 |
| 24- | ں/ غُنہ | 25 |
| 25- | سب کو بنایا میرے خدا نے | 26 |
| 26- | تصویروں اور ماحول پر بات چیت | 27 |
| 27- | تخلیقی تحریر | 28 |
| 28- | تفہیم | 29 |
| 29- | خط/ درخواست | 30 |
| 30- | مشکل الفاظ کی تدریس | 31 |
| 31- | تدریس وتعلم کے زریں اصول | 32 |